# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 13 August 2026**

**Time : 07:40 : PM**

---

## Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ تجمل۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

## ہیڈ لائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کاروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی / پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس اختتام پذیر۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ یوم آزادی کے سلسلے میں جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں فل ڈریس ریہرسل تقریبات منعقد •••••••

✓ ۳ ۔۔۔۔ حکومت نے تاریخی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے 18 کروڑ 60 لاکھ روپے مالیت کے 3 منصوبوں کو دی منظوری

ور

✓ ۴ ۔۔۔۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 115 فنکاروں کو کئے سنگیت ناٹک ایوارڈ عطا۔

---

## اب پیش ہے خبروں کی تفصیل:

ارلیمنٹ ملتوی:

لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کاروائی آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کی گئی۔ آج صبح 11 بجے جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو سبھی
رکان نے کھڑے ہوکر وندے ماترم پڑھا جس کے بعد سپیکر اوم برلا نے ایوان کی کاروائی غیر معینہ عرصے تک کیلئے ملتوی کی۔ وزیر اعظم
ریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے علاوہ کئی دیگر سینئر وزراء بھی ایوان میں موجود تھے۔

راجیہ سبھا کی کارروائی بھی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی اور اس کے ساتھ ہی پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

ہبر سیل

یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں آج جموں وکشمیر کے سبھی اضلاع میں فل ڈریس ریہرسل کا انعقاد ہوا۔ سرینگر کے بخشی سٹیڈیم میں بھی ل ڈریس ریہرسل کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر اسکولی بچوں نے رنگارنگ تمدنی پروگرام پیش کیا۔

......Music.....

اس موقعے پر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا۔

-----V/O----

آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے اس موقعے پر کہا کہ یوم آزادی کی تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔
عد میں صوبائی انتظامیہ کے حکام نے لالچوک میں بلیدان ستمبھ پر بھی یوم آزادی کی تقریبات کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

DC پولیس

دریں اثناڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے آج سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں یوم آزادی تقریبات منانے سے قبل تیاریوں اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بخشی اسٹیڈیم اور تقریبات کے دیگر مراکز تک جانے والی ،ڑکوں پر ٹریفک کے بہتر انتظام اور پارکنگ کی مناسب سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی۔ ڈی جی پی نے مختلف محکموں کے قریبی تال میل پر زور دیا۔

رنگا ریلی:

جموں وکشمیر میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

----Music-----

**17** اگست تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔ اس سال ہر گھر ترنگ مہم کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس سال وندے ماترم کے **150** سال مکمل ہو رہے ہیں۔

شکارا ریلی

اِدھر سرینگر میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے ڈل جھیل میں ترنگا شکارا ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ یوم آزادی کے پیش نظر منعقدہ اس ریلی میں جموں وکشمیر بی جے پی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول سمیت پارٹی کارکنوں اور مقامی لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر قومی پرچم سے سجے متعدد شکارا کی ڈل جھیل میں ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

،طلاع

یوم آزادی کے موقعہ پر صدر جمہوریہ درپدی مرموکل قوم سے خطاب کریں گی۔ ان کا خطاب آکاش وانی سے کل شام 7 بجے برا
ِاست نشر کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں کل ہمارے یہاں سے شام ساڑھے سات بجے نشر ہونے والا خبروں کا کشمیری بلٹن شام ساڑھے 6 بجے جبکہ 7 بجکر چالیس
ِنٹ پر نشر ہونے والا خبروں کا اردو بلٹن شام 6 بجکر چالیس منٹ پر نشر ہوگا۔

ثقافتی ورثے

جموں و کشمیر میں تاریخی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے حکومت نے 18 کروڑ 60 لاکھ روپے مالیت کے تین اہم منصوبوں کو منظوری
ِی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر سے جاری ایک سوشل میڈیا پیغام میں بتایا گیا ہے کہ سامبا میں اُترو یہنی ہیریٹیج کی بحالی کیلئے 6 روڑ 86 لاکھ
روپے مختص کئے گئے ہیں۔

کٹھوعہ کے تاریخی بسوہلی قلعے کی مرمت، تزئین و آرائش کیلئے 6 کروڑ 50 لاکھ روپے منظور کئے گئے ہیں۔ اننت ناگ میں نالہ
ساونڈ براری چشمے کی بحالی اور یاتری نواس کی مرمت کیلئے 5 کروڑ 24 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

حکومت نے کہا ہے کہ یہ منصوبے خطے کے شاندار ورثے کو محفوظ بنانے کے ساتھ ساتھ سیاحت کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے۔

جاوید ڈار

ارہمولہ اور ملحقہ علاقوں سے آئے مختلف وفود نے آج وزیر زراعت جاوید احمد ڈار سے ملاقات کی۔ وفود نے سڑک، نکاسی آب، دیہی
ترقی، بنیادی سہولیات اور زراعت سے متعلق مسائل وزیر کی نوٹس میں لائے۔ وزیر نے مسائل بغور سنے اور متعلقہ افسران کو مقررہ مدت
بں جائز مطالبات کا ازالہ کرنے کی ہدایت دی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں و کشمیر میں نجی شعبے کے ملازمین کیلئے چار نئے لیبر کوڈز کے
تحت مالی اور سماجی تحفظ کے فوائد کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ نئے قوانین سے اجرت، پنشن، گریجویٹی اور سماجی تحفظ مضبوط ہوگا۔

فکسڈ ٹرم ملازمین کو مستقل ملازمین کے مساوی قانونی فوائد حاصل ہوں گے۔ گِگ اور پلیٹ فارم ورکرز کیلئے بھی سماجی تحفظ کی گنجائش رکھی گئی
ہے۔ چیف سیکریٹری نے قوانین پر موثر عملدرآمد اور ملازمین میں بیداری پر زور دیا۔

Breal

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News
on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH
پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

دروپدی مرمو

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال 2024.25 کیلئے ممتاز فنکاروں کو سنگیت ناٹک اکیڈمی فیلوشپس اور ایوارڈز پیش کئے۔
صدر جمہوریہ نے اس موقعے پر کہا کہ فنکار بھارتی روایات کے امین، اجتماعی یاداشت کے محافظ اور مستقبل کے معمار ہیں۔انہوں نے کہا کہ
فنکار ملک کے ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے اور نئی نسل تک منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

-----V/O----

مکھن لال صراف

جموں وکشمیر کے معروف اداکار اور تھیٹر کے تجربہ کار فنکار مکھن لال صراف کو اداکاری کے فن میں نمایاں خدمات کے اعتراف
میں سنگیت ناٹک اکیڈمی کے قومی اعزاز سے نوازا گیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انہیں یہ اعزاز پیش کیا۔مکھن لال صراف نے تھیٹر
ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے شعبوں میں طویل عرصے تک خدمات انجام دی ہیں۔
دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رفیق مسعودی نے مکھن لال صراف کو اس اعزاز پر مبارک باد پیش کی ہے۔فن
سے جڑی مختلف انجمنوں نے اس اعزاز کو جموں وکشمیر کیلئے باعث افتخار قرار دیتے ہوئے مکھن لال صراف کو مبارکباد دی ہے۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں کشمیر میں منشیات کے بڑھتے رجحان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔سرینگر میں ایک
تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے والدین، اساتذہ اور مذہبی وسماجی شخصیات سے اپیل کی کہ وہ اس بدعت کے خاتمے کیلئے اپنا
کردار ادا کریں۔
ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ پوری دنیا میں قیام امن کو یقینی بنانے کیلئے عالمی برادری کو متحد ہو کر کام کرنا چاہئے۔

اس دوران پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر شمیم فردوس نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے پُر امن مستقبل میں خواتین کا رول اہمیت کا

حامل رہے گا۔

جنتا دل

جنتا دل یونائیٹڈ جموں وکشمیر نے مرکزی وزیر زراعت سے یوٹی کے کسانوں کے بقایا کسان کریڈٹ کارڈ قرضے فوری طور معاف کرنے کا

مطالبہ کیا ہے۔

پارٹی کے پردیش صدر جی ایم شاہین نے کہا کہ کسان بڑھتی مہنگائی، فصلوں کے نقصانات اور کم آمدنی کے باعث شدید مالی مشکلات سے دو چار

ہیں۔

انکم ٹیکس

پرنسپل کمشنر انکم ٹیکس سری نگر مونیکا دھامی کی سربراہی میں آج سرینگر کے ایک نجی ہسپتال کے اشتراک سے یومِ آزادی کے موقع پر

انکم ٹیکس محکمے کے ملازمین، عملے اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے مفت طبی کیمپ منعقد ہوا۔

کیمپ کا مقصد حفظانِ صحت، بیماریوں کی بروقت تشخیص اور صحت مند طرزِ زندگی سے متعلق بیداری پیدا کرنا تھا۔ کیمپ کا انعقاد ترقی یافتہ

اور خود کفیل بھارت کے وسیع تر نظریے میں صحت اور فلاح و بہبود کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتا ہے۔

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

دینی مجالس

نواسہ رسول حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ سلام کے یوم شہادت کے سلسلے میں آج وادی کی مختلف مساجد، خانقاہوں اور زیارتگاہوں

میں دینی مجالس کا انعقاد ہوا۔ اس موقعہ پر علمائے کرام نے اہل بیت رسول ﷺ کی سیرت پاک بیان کی۔ سرینگر کے زورہ علاقے میں وارقہ

عالم صاحب کے آستان عالیہ پر ختمات المعظمات کی مجلس منعقد۔ وہاں بعد میں تبرکات کی نشاندہی بھی کی گئی۔

دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ماہ ربیع الاول کی آمد پر جموں کشمیر

کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

توی ایکسپریس

مغربی بھارت کے یاتریوں اور مسافروں کے سفر کو آسان بنانے کی غرض سے ریلوے بورڈ نے سابرمتی جموں توی ایکسپریس

کو کٹرا تک چلانے کی منظوری دی ہے۔ یہ ریل گاڑی جموں کے راستے چلے گی اور کٹرا میں سری ماتا ویشنو دیوی ریلوے اسٹیشن پہنچنے

سے پہلے اُدھمپور میں شہید کیپٹن تشار مہاجن اسٹیشن پر رکے گی۔

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے کہا ہے کہ مذکورہ ریل گاڑی کو کٹرا تک چلائے جانے سے گجرات، راجستھان، پنجاب

اور مغربی بھارت کے دیگر علاقوں کے ہزاروں مسافروں کو فائدہ پہنچے گا، جنہیں فی الحال جموں توی اسٹیشن پر ہی اترنا پڑتا ہے۔

بارہمولہ عدالت

بارہمولہ میں ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی اور تحصیل لیگل سروسز کمیٹیوں کے اشتراک سے رواں سال کی تیسری قومی لوک عدالت 12 ستمبر کو منعقد ہوگی۔ یہ عدالت ضلع عدالت کمپلیکس بارہمولہ اور تمام تحصیل مراکز پر منعقد ہوگی۔ جہاں مختلف مقدمات باہمی رضامندی سے حل کیے جائیں گے۔ فریقین اور وکلاء 5 ستمبر تک متعلقہ دفاتر سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بلتی نیوز

آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔ امیدوار کی کم سے کم تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہیئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی اور اردو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔

اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔

تعزیت

ساگر کلچرل فورم نے وادی کے نامور قلمکار اور شاعر غلام محی الدین پارسا کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم آج پانچھن بانڈی پورہ میں اپنی رہائش گاہ پر انتقال کر گئے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20.6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **36.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **26.9** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **51** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **19** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔